# 26-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ملک میں جاری مردم شماری کے عمل میں ملک کے تمام عوام سے حصہ لینے وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل۔من کی بات کے 133 ویں ایڈیشن سے آج آکاش وانی کے ذریعہ خطاب۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ 2047 کے وِکست بھارت کے ہدف کو حقیقت بنانے میں مردم شماری اہم کردار ادا کرے گی۔

۳۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ پرجاوانی پروگرام کی خدمات کو منڈل اور ریونیو ڈویژن تک وسعت دیں۔

اور

۴۔ریاست میں پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی سربراہی میں کسی بھی طرح کی رکاوٹ نہیں ہے۔محکمہ سیول سپلائز کا بیان

MANN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی میں سائنس اور ٹکنالوجی کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کے مختلف شعبوں تک پھیلاؤ کی وجہ سے ہندوستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔انہوں نے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 133 ویں ایڈیشن میں آج آکاش وانی کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔وزیراعظم نے کہا کہ سائنسدانوں کی کوششوں اور سیول نیوکلیئر پروگرام کی توسیع سے ملک کی صنعتی ترقی، توانائی کے شعبہ اور صحت کی دیکھ بھال میں نمایاں فوائد حاصل ہوئے ہیں۔

## Byte - 1

اپنے خطاب میں انہوں نے جاری مردم شماری کے عمل پر بھی زور دیا اور کہا کہ یہ صرف حکومتی عمل نہیں بلکہ اس میں ہر شہری کی شرکت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دنیا کی سب سے بڑی مردم شماری ہے جسے مکمل طور پر ڈیجیٹل طریقہ سے انجام دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے عوام کو یقین دہانی کروائی کہ مردم شماری کے دوران فراہم کی جانے والی معلومات نہایت اہم ہیں اور انہیں مکمل طور پر محفوظ رکھا جائے گا۔

## Byte -2

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ غیر روایتی توانائی کے وسائل کے استعمال پر توجہ مرکوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ شمسی اور ہوائی توانائی کے استعمال میں گجرات، تاملناڈو، راجستھان اور مہاراشٹر اسمیت کئی ریاستیں مثالی کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بہتر مستقبل کے لئے برقی کی بچت اور روایتی توانائی کے وسائل کا تحفظ ضروری ہے۔

## Byte - 3

وزیر اعظم نے گوتم بدھ کی تعلیمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دھرم، دکھ سے نجات، ہمدردی اور اخلاقی زندگی کا درس دیا اور ان کی تعلیمات ہمیشہ کے لئے رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ وزیر اعظم نے یکم مئی کو ویشا کھا پورنمی کے دن بدھ جینتی کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمیں اپنی روزمرہ زندگی میں امن اور محبت کو فروغ دیتے ہوئے عدم تشدد کے راستہ پر چلنا چاہیے۔

## Byte - 4

اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں ٹکنالوجی ہماری روزمرہ زندگی کا اہم حصہ بن چکی ہے اور اس کے مؤثر استعمال سے بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وزیراعظم نے بتایا کہ نیشنل آرکائیو آف انڈیا نے 20 کروڑ سے زائد قیمتی دستاویزات کو ڈیجیٹل شکل دے کر عوام کیلئے دستیاب کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دستاویزات ملک کی شاندار ماضی کو اجاگر کرتی ہیں۔

Byte - 5

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج کے بچے ہی کل کے شہری ہیں اس لئے بچوں میں نئ چیزیں سیکھنے سے متعلق دلچسپی کا مسلسل بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی گرمیوں کی تعطیلات کو بھرپور طریقہ سے استعمال کریں۔

Byte - 6

اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ انسان کا فطرت اور سماج کے ساتھ گہرا تعلق ہے اور اگر ہم فطرت کو سمجھ کر اس کے ساتھ ہم آہنگی میں رہیں تو زندگی آسان ہوسکتی ہے۔ من کی بات کے آج کے پروگرام میں وزیراعظم نے پرندوں اور جنگلی حیات کے تحفظ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے گجرات، اتر پردیش اور چھتیس گڑھ ریاستوں سے موضوعات کا ذکر کیا۔

Byte - 7

MANN KI BAAT REACTION

وزیراعظم کے من کی بات پروگرام کو سننے کے بعد متعدد افراد نے آکاشوانی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

# Bytes

## Announcement

وزیراعظم کے من کی بات کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے دوبارہ نشر کیا جائیگا۔

## CM Jana Gana

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سرکاری اسکیمات اور ترقیاتی پروگرامس کو عوام تک موثر طریقہ سے پہنچانے میں مردم شماری کا کلیدی رول ہے۔ انہوں نے عوام سے خواہش کی کہ وہ اِس پروگرام میں شامل ہوتے ہوئے ذمہ دارانہ طور پر اپنی تفصیلات کا اندراج کروائیں۔ مردم شماری 2027ء کے حصہ کے طور پر سیلف انیومریشن کے تحت انہوں نے سرکاری ویب سائٹ کے ذریعہ اپنی تفصیلات کا اندراج کروایا۔ اس موقع پر سنسس ڈائرکٹر بھارتی ہولی کیری، جی اچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن کے علاوہ دیگر عہدیداران موجود تھے۔

## Civil Service Corporation

ریاستی محکمہ سیول سپلائز نے اپنی ایک بیان میں کہا ہے کہ ریاست میں پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی سربراہی میں کسی بھی طرح کی رکاوٹ نہیں ہے اور وافر مقدار میں اِس کا ذخیرہ موجود ہے۔ محکمہ نے کہا کہ اس سے متعلق قلت کی سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی اطلاعات سراسر غلط ہیں۔ اس معاملہ میں صارفین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ غیرضروری تشویش کا شکار نہ ہوں اگر پٹرول، ڈیزل اور گیس کی سربراہی سے متعلق شکایت ہو تو اس کیلئے محکمہ سیول سپلائز کے ٹول فری نمبر 1967 پر رابطہ قائم کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Vasavi Kanyaka Parameswari Jayanti

اہنسا کی علامت اور آریا ویشیا آرادھیا دیوی سمجھی جانے والی واسوی کنیا کا پرمیشوری خواتین کے احترام اور وقار کی علامت ہیں۔ یہ بات مختلف اعلیٰ عہدیداروں نے آج واسوی کنیا کا پرمیشوری جینتی کے موقع پر کہی جس کا ریاستی حکومت نے سرکاری طور پر انعقاد عمل لایا۔اس موقع پر ضلع راجنا سرسلہ کی کلکٹر گریما اگوال، ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ مہیش بی گیتے ، ورنگل کے ایڈیشنل کلکٹر این روی اور ضلع جنگاؤں کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے واسوی ماتا کی تصویر کے سامنے شمع روشن کر کے اور گلہائے عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Prajavani

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ پرجاوانی پروگرام کی خدمات کو منڈل اور ریونیو ڈویژن تک وسعت دیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ عوام کی جانب سے رضا کارانہ طور پر درخواستیں داخل کرنے کا نظام متعارف کیا جائے۔ شکایتوں کی یکسوئی کیلئے خصوصی ڈیجیٹل پلیٹ فارم قائم کیا جائے اور نوڈل آفیسر کی سہولت فراہم کی جائے۔انہوں نے کہا کہ مقررہ وقت طئے کرتے ہوئے شکایتوں کی پیشرفت سے متاثرین کو واقف کروایا جائے۔ چیف منسٹر نے ضرورت پڑنے پر اپیل کرنے کی سہولت فراہم کی بھی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Weather

ریاست میں آج کئی اضلاع میں شدید گرمی کی شدت ریکارڈ کی گئی۔مختلف علاقوں میں اعظم ترین درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ اگلے تین دنوں میں دوپہر کے درجہ حرارت میں مزید اضافہ کا امکان ہے۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق رات کے اوقات میں بھی درجہ حرارت زیادہ

رہے گا۔اسی طرح اس مہینہ کی 28 تاریخ سے ریاست کے بعض مقامات پر ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Fertilizer Shop

فرٹیلائزر ڈیلرس اسوسی ایشن نے ریاست بھر میں کل کھاد کی دوکانات کو بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔اسوسی ایشن نے بتایا کہ وہ پیداواری کمپنیوں کی شرائط کی مخالفت کررہے ہیں۔اسوسی ایشن کے مطابق ڈیلرس کا مطالبہ ہے کہ کھاد کی فراہمی کے لئے ایف او ایل نظام نافذ کیا جائے اور کسی بھی منسلک مصنوعات کی شرط کے بغیر کھاد فراہم کی جائے۔ان ہی مطالبات کے حق میں ڈیلرس نے کل بند منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ 2047 کے وِکست بھارت کے ہدف کو حقیقت بنانے میں مردم شماری ایک اہم کردار ادا کرے گی۔انہوں نے کہا کہ آزادی کے صد سالہ موقع تک ملک کو جامع ترقی، مساوی مواقع اور مضبوط معیشت کی جانب لے جانے کے لیے یہ مردم شماری معاون ثابت ہوگی۔ان کے مطابق یہ عمل صرف اعداد و شمار تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ قومی منصوبہ بندی اور مستقبل کی حکمرانی کے لیےایک رہنما معلوماتی نظام ہے۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ یہ مردم شماری ایک تبدیلی کے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔اس موقع پر انہوں نے مردم شماری سے متعلق ایک خصوصی پوسٹر بھی جاری کیا۔ اس پروگرام میں مردم شماری کی ڈائریکٹر بھارتی ہولیکری، جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔